Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 11 Short Questions Test

Q1. سورۃ البقرہ کے مضامین کے نکات تحریرکریں-

Ans 1: 1- سورۃ البقرہ کا آغاز اسلام کے بنیادی عقائد یعنی توحید، رسالت اور آخرت کے بیان سے ہوا ہے اسی ضمن میں انسانوں کی تین قسمیں مومن، کافر اور منافق بیان کی گئی ہیں- 2- حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے تاکہ انسان کو اپنی پیدائش کا مقصد معلوم ہوا. 3- مسلمانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی سے متعلق بہت سے احکام بیان فرمائے گئے ہیں جن میں عبادات سے لے کر معاشرت، خادانی امور اور حکمرانی سے متعلق بہت سے مسائل ہیں-

---

Q2. سورہ البقرہ میں کس آیات میں گائے کا زکرہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ ہے جسے زبح کرنے کا حکم ہے.بنی اسرائیل کو دیا گیا تھا.

Q3. لفظ کے معنی تحریر کریں- لاتحمل علینا- مولنا- غفرانک

Ans 1: لاتحمل علینا- ہم نہ ڈال - مولنا- بکار کار ساز - غفرانک- تیری بخشش

Q4. سورۃ البقرہ کے مطالعے کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- ایمان کا اظہار عمل س ہوتا ہے جس میں اولین عمل نماز ادا کرنا ہے. 2- اللہ تعالی کے حکم کی خلاف ورزی اور تکبر کرنا شیطانی طرز عمل ہے.

Q5. قرآن مجید میں کس سورت کو سردار کہا ہے.

Ans 1: ایتہ الکرسی قرآن مجید کی بہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے.

Q6. سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے لحاظ سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے تیسری سورت ہے.

Q7. مال و اولاد کی محبت فتنہ کب بنتی ہے.؟

Ans 1: مال و اولادکی محبت میں حد سے بڑھ جانا فتنے کا باعث ہے.

Q8. الفاظ کے معنی تحریر کریں- ینھون- مسکن- اتبعوھم- اعد- عزیز علیہ- حریص- حسبی اللہ

Ans 1: ینھون- وہ روکتے ہیں- مسکن- مکان- اتبعوھم- ان کی پیروی کی اعد- اس نے تیار کیہے ہیں- عزیز علیہ- ان پر بہت گراں گزرتا ہے- حریص- خواہش مند ہیں- حسبی اللہ- میرے لیے اللہ ہی کافی ہے.

Q9. سورۃ ال عمران کی کون سی آیت مباہلہ کہلاتی ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کی ایت اکسٹھ ایت مباہلہ کہلاتی ہے.

Q10. سورہ البقرہ کس زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہے.

Ans 1: سورہ البقرہ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی گائے ہے.
